## وزیراعلیٰ پنجاب کا بیان دیگر صوبوں کے محبّ وطن پاکستانیوں کی دل آزاری کا سبب بن رہا ہے، رابطہ کمیٹی

## ان کے بیان سے تاثر ملتا ہے کہ دہشت گرد پنجاب کے بجائے دیگر صوبوں میں حملے کر کے بے گناہ شہریوں کی جان ومال سے کھیلیں

## میاں شہباز شریف کے اس بیان سے صوبہ پنجاب کے عوام کی بھی دل آزاری ہوئی ہے

## وزیراعلیٰ پنجاب کی جانب سے طالبان سے کی گئی درخواست پر رابطہ کمیٹی کا اظہار افسوس

کراچی۔۔۔14، مارچ 2010ء

متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی نے وزیراعلیٰ پنجاب میاں شہباز شریف کی جانب سے طالبان سے کی گئی اس درخواست پر کہ وہ پنجاب میں حملہ نہ کریں، پر گہرے افسوس کا اظہار کرتے ہوئے کہا ہے کہ اس قسم کے بیانات دیگر صوبوں کے محبّ وطن پاکستانیوں کی دل آزاری کا سبب بن رہے ہیں اور اس سے قومی یکجہتی کو شدید نقصان پہنچے گا۔ایک بیان میں رابطہ کمیٹی نے کہا کہ وزیراعلیٰ پنجاب کی جانب سے طالبان سے پنجاب میں حملہ نہ کرنے کی درخواست کرنے سے اس کے سوا کیا تاثر لیا جاسکتا ہے کہ دہشت گرد پنجاب کے بجائے دیگر صوبوں میں حملے کر کے بے گناہ شہریوں کی جان ومال سے کھیلیں۔رابطہ کمیٹی نے کہا کہ وزیراعلیٰ پنجاب کو اس قسم کے بیانات سے گریز کرنا چاہئے کیونکہ دہشت گردوں کے خلاف جنگ میں مسلح افواج، سیکورٹی کے اداروں کے اہلکار، رینجرز اور پولیس کے افسران وجوان اور تمام صوبوں کے معصوم بچوں اور خواتین سمیت بے گناہ شہری ہزاروں کی تعداد میں اپنی جانوں کی قربانیاں پیش کر چکے ہیں جبکہ دہشت گردی کا نشانہ بننے کے باعث ہزاروں افراد معذوری کی زندگی گزار رہے ہیں۔ان حقائق کے باوجود وزیراعلیٰ پنجاب کی جانب سے طالبان سے پنجاب میں حملے نہ کرنے کی درخواست کرنے کا عمل دہشت گردی کا شکار ہونے والے ملک بھر کے محبّ وطن عوام بالخصوص شہداء کے لواحقین اور زخمیوں کی دل آزاری اور صدمہ کا سبب بن رہا ہے اور اس سے قومی یکجہتی کو شدید نقصان پہنچنے کا احتمال ہے۔رابطہ کمیٹی نے کہا کہ وزیراعلیٰ پنجاب میاں شہباز شریف کے اس بیان سے صوبہ پنجاب کے عوام کی بھی دل آزاری ہوئی ہے کیونکہ پنجاب کے محبّ وطن عوام بھی خود پر ہونے والی دہشت گردی کے ساتھ ساتھ دہشت گردی کا نشانہ بننے والے دیگر صوبوں کے محبّ وطن عوام کے غم میں شریک ہیں اور ان کی جان ومال کا بھی تحفظ چاہتے ہیں۔رابطہ کمیٹی نے کہا کہ وقت کا تقاضا ہے کہ پاکستان کی سلامتی وبقاء اور ترقی وخوشحالی کیلئے ایک قوم کا تصور مضبوط کیا جائے اور ملک بھر کے محبّ وطن عوام کے جذبات کا احترام کیا جائے۔

## کراچی کو بجلی کی عدم فراہمی کے سنگین مسئلے کو ہنگامی بنیادوں پر حل کیا جائے، ڈاکٹر فاروق ستار کا وزیراعظم سے مطالبہ

## وفاقی حکومت کراچی کو تسلسل کے ساتھ بجلی کی فراہمی کیلئے ہر ممکن اقدام بروئے کار لائے گی، وزیراعظم یوسف رضا گیلانی

## قومی اسمبلی چیمبر میں ڈاکٹر فاروق ستار کی وزیراعظم پاکستان یوسف رضا گیلانی سے ملاقات

اسلام آباد:۔۔۔15/مارچ 2010ء

متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی کے ڈپٹی کنوینز و وفاقی وزیراوورسیز پاکستانی ڈاکٹر فاروق ستار نے پیر کے روز وزیراعظم پاکستان یوسف رضا گیلانی سے قومی اسمبلی کے چیمبر میں خصوصی ملاقات کی۔اس موقع پر انہوں نے کے ای ایس سی کی جانب سے کراچی میں بجلی کی عدم فراہمی پر سخت تشویش کا اظہار کیا اور ان سے اپنے گہرے تحفظات سے آگاہ کیا۔ڈاکٹر فاروق ستار نے یوسف رضا گیلانی کو بتایا کہ PSO کی جانب سے واجبات کی عدم ادائیگی کے باعث کے ای ایس سی کو فرنس آئل کی عدم فراہمی کی وجہ سے کے ای ایس سی کے کیلئے ممکن نہیں رہے گا کہ وہ کراچی مزید بجلی کی فراہمی کا سلسلہ جاری رکھ سکے۔انہوں نے کہا کہ کراچی پاکستان کا معاشی حب ہے اور ملکی معیشت میں 70 فیصد ریونیو دینے والا شہر اگر اداروں کے درمیان واجبات کی عدم ادائیگی کی وجہ سے اندھیروں میں ڈوب جاتا ہے تو اس سے جہاں شہری اذیت میں مبتلا ہونگے وہاں ملک کی معیشت اور اقتصادیات کا بھٹہ بھی بیٹھ جائے گا اگر ان حالات کے پیش نظر کراچی میں بجلی کی عدم فراہمی کی وجہ سے امن وامان کا کوئی مسئلہ پیدا ہوا تو اس کی ذمہ داری کس پر عائد ہوگی؟۔انہوں نے کہا کہ کراچی کو بجلی کی فراہمی کے اس اہم اور سنگین مسئلے کو ہنگامی بنیادوں پر حل کیا جائے اداروں کے درمیان واجبات کی عدم ادائیگی کا مسئلہ ہے تو وفاقی حکومت ثالثی کا کردار ادا کرتے ہوئے اس مسئلے کو یقینی طور پر جلد ختم کرائے تاکہ اس کی سزا کراچی کے معصوم شہریوں کو نہ ملے۔وزیراعظم پاکستان نے ڈاکٹر فاروق ستار کو یقین دہانی کرائی کہ وہ ذاتی دلچسپی لیکر اس اہم اور فوری نوعیت کے مسئلے کو حل کرائیں گے اور وفاقی حکومت اس سلسلے میں ہر ممکن اقدامات بروئے کار لائے گی۔

## ایم کیوایم واحد سیاسی جماعت ہے جس میں احتساب کا عمل ہر سطح پر موجود ہے
## کوئی بھی سسٹم اس وقت تک کامیاب نہیں ہوسکتا ہے جب تک سسٹم سے مربوط افراد اس سسٹم سے مخلص نہ ہوں
## گلشن اقبال میں استقبالیہ سے مصطفیٰ کمال، رضا ہارون، واسع جلیل اور حیدر عباس رضوی کا خطاب

کراچی۔۔۔15/مارچ2010ء

احتساب کے عمل کے بغیر کوئی بھی کام مکمل نہیں اور کوئی بھی تحریک منزل پر نہیں پہنچ سکتی، ایم کیوایم واحد جماعت ہے جس میں احتساب کا عمل ہر سطح پر موجود ہے، ان خیالات کا اظہار ایم کیوایم کی رابطہ کمیٹی کے ارکان نے پیر کے روز حق پرست سٹی ناظم سید مصطفیٰ کمال کے اعزاز میں گلشن اقبال میں منعقدہ استقبالیہ کے خطاب کرتے ہوئے کیا۔ معروف تاجر جاوید غوری نے انتہائی قلیل مدت میں ملک وقوم کی ترقی وخوشحالی خصوصاً شہر کراچی میں میگا پروجیکٹس اور ترقیاتی منصوبوں کی تکمیل کی تعریف کرتے ہوئے اپنی رہائشگاہ واقع گلشن اقبال میں سابق سٹی ناظم سید مصطفیٰ کمال اور حق پرست ٹاؤن ناظمین استقبالیہ میں دیا تھا استقبالیہ میں سابق سٹی ناظم ورکن رابطہ کمیٹی سید مصطفیٰ کمال کے علاوہ ایم کیوایم کی رابطہ کمیٹی کے ارکان وحق پرست صوبائی وزراء سید شعیب احمد بخاری، رضا ہارون، واسع جلیل، حق پرست اراکین قومی وصوبائی اسمبلی حیدر عباس رضوی، اقبال محمد علی، ڈاکٹر ندیم احسان، مزمل قریشی، ریحان ظفر، گلبرگ ٹاؤن کے سابق ناظم کمال ملک، گلشن ٹاؤن کے سابق نائب ناظم شعیب اختر، اظہر بیگ اور اہلیان گلشن اقبال نے شرکت کی۔ استقبالیہ سے سید مصطفیٰ کمال، رضا ہاورن، واسع جلیل اور حیدر عباس ضوی نے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ الطاف حسین کی قیادت اللہ تعالیٰ کی طرف سے پوری قوم کیلئے انمول تحفہ ہے، الطاف حسین واحد لیڈر ہیں جو ملک کی تعمیر وترقی اور عوام کی فلاح وبہبود کے ساتھ غریب مظلوم عوام کو ان کے جائز حقوق کے حصول کیلئے عملی جدوجہد کررہے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ ایم کیوایم واحد سیاسی جماعت ہے جس میں احتساب کا عمل ہر سطح پر موجود ہے، ایم کیوایم نے پچیس چھبیس سالوں میں عزیز آباد سے نکل کر پورے ملک کے غریب ومظلوم عوام کے دلوں میں اپنی جڑیں مضبوط کی اور غریبوں کو سر اٹھا کر چلنے اور جینے کا درست راستہ دکھایا۔ انہوں نے کہا کہ کوئی بھی سسٹم اس وقت تک کامیاب نہیں ہوسکتا ہے جب تک سسٹم سے مربوط افراد اس سسٹم سے مخلص نہ ہوں اور یہی وجہ ہے کہ 2010 کا شہر کراچی ترقیافتہ شہر بن کر ہمارے سامنے ہے جہاں ترقی بے مثال ہے۔ انہوں نے کہا کہ اگر ہم 4 سال قبل کے کراچی کو دیکھیں تو واضح ہوجاتا ہے کراچی، حیدرآباد، نوابشاہ اور سکھر سمیت جہاں جہاں حق پرست نمائندے تھے ترقیاتی کام بے مثال ہوئے اس کا سہرا سسٹم سے مربوط حق پرست نمائندوں کی اس قیادت کو جاتا ہے جو الطاف حسین کی صورت میں ہمارے پاس ہے۔ انہوں نے کہا کہ ایم کیوایم نے ملک وقوم کی ترقی وخوشحالی اور شہر کی تعمیر وترقی کیلئے جو بھی کیا آج پوری دنیا اس کو سراہا رہی ہے۔ انہوں نے مزید کہا کہ اگر کسی کے پاس گڈ گورنس موجود ہیں تو وہ صرف اور صرف متحدہ قومی موومنٹ ہے۔

## ایم کیوایم اپر پنجاب کے زونل انچارج زاہد ملک کے والد ملک گل زمان سپرد خاک

راولپنڈی۔۔۔15/مارچ2010ء

متحدہ قومی موومنٹ اپر پنجاب زون کے زونل انچارج زاہد ملک کے والد ملک گل زمان کو سینکڑوں سوگواروں کی موجودگی میں سپرد خاک کردیا گیا۔ مرحوم کی نماز جنازہ رہائشگاہ کے نزد مقامی مسجد میں ادا کی گئی، نماز جنازہ اور تدفین میں متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی کے رکن سیف یار خان، حق پرست رکن قومی اقبال ایس قادری، آزاد کشمیر قانون ساز اسمبلی کے رکن طاہر کھوکھر اور راولپنڈی واسلام آباد سے تعلق رکھنے والے ایم کیوایم کے ذمہ داران وکارکنان، ہمدردوں اور مرحوم کے رشتے داروں نے کثیر تعداد میں شرکت کی۔ پیر کی صبح رابطہ کمیٹی کے رکن ڈاکٹر علی حسن، حق پرست رکن قومی اسمبلی فرحت خان، شعبہ خواتین کی انچارج اور رکن قومی اسمبلی کشور زہرہ نے زاہد ملک سے انکے گھر جاکر انکے والد کے انتقال پر دلی افسوس اور تعزیت کا اظہار کیا اودعا کی کہ اللہ تعالیٰ مرحوم کو اپنی جوار رحمت میں جگہ عطا فرمائے اور لواحقین کو صبر وجمیل عطا فرمائے۔

## ایم کیوایم لائنز ایریا، شاہ فیصل اور نیوکراچی سیکٹرز کے کارکنان سے رابطہ کمیٹی کا اظہار تعزیت

کراچی۔۔۔15، مارچ2010ء

متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی نے ایم کیوایم لائنز ایریا سیکٹر یونٹ 54 کے کارکن راشد علی کے والد فرزند علی، ایم کیوایم شاہ فیصل سیکٹر یونٹ 106 کے کارکن خورشید کے والد محمد افضل اور ایم کیوایم ایلڈرز ونگ نیوکراچی سیکٹر یونٹ 138 کے کارکن بعدالعزیز صدیقی کے صاحبزادے احسان الرحمان, ایم کیوایم میڈیکل ایڈ کمیٹی کے ممبر ناصر بیگ کی نومولود بیٹی، ایم کیوایم لیاقت آباد سیکٹر یونٹ 166 کے کارکن محمد عمر کے والد عبدالغفور، ایم کیوایم لیبر ڈویژن کے ڈی اے یونٹ کے کارکن مرزا شہزاد بیگ کے بھائی مرزا افتخار احمد بیگ

،ایم کیوایم ناظم آباد گلبہار سیکٹر یونٹ 188 کے کارکن ارشد نور اور ندیم نور کے والد نور محمد، ایم کیوایم فیڈرل بی ایریا سیکٹر یونٹ 150 کے کارکن معارج اعتزاز کے والد اعتزاز الدین کے انتقال پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کیا ہے۔ایک تعزیتی بیان میں رابطہ کمیٹی نے مرحومین کے تمام سوگوار لواحقین سے دلی تعزیت و ہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے انہیں صبر کی تلقین کی۔رابطہ کمیٹی نے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ مرحومین کو جنت الفردوس میں اعلیٰ مقام عطا فرمائے اور سوگواران کو یہ صدمہ برداشت کرنے کا حوصلہ عطا کرے۔(آمین)

## سلطان چشتی کے چار سالہ صاحبزادے علی سلطان چشتی کے انتقال پر الطاف حسین کا اظہار افسوس

لندن۔۔۔15،مارچ2010ء

متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین نے سابق حق پرست رکن سندھ اسمبلی وصوبائی وزیر خالد بن ولید شہید کے بھتیجے اور سلطان چشتی کے چار سالہ صاحبزادے علی سلطان چشتی کے انتقال پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کیا ہے۔ایک تعزیتی بیان میں جناب الطاف حسین نے مرحوم کے تمام سوگوار لواحقین سے دلی تعزیت و ہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ مجھ سمیت ایم کیوایم کے تمام کارکنان آپ کے غم میں برابر کے شریک ہیں۔انہوں نے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ مرحوم کو جنت الفردوس میں اعلیٰ مقام عطا فرمائے اور سوگواران کو یہ صدمہ برداشت کرنے کا حوصلہ عطا کرے۔(آمین) علاوہ ازیں ایم کیوایم کی رابطہ کمیٹی کے ارکان کنور نوید جمیل، واسع جلیل نے سلطان چشتی کے رہائشگاہ جا کر متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین کی جانب سے علی سلطان چشتی کے انتقال پر تعزیت اور افسوس کا اظہار کیا۔رابطہ کمیٹی کے ارکان نے مرحوم کی مغفرت اور ایصال ثواب کیلئے دعا بھی کی۔

☆☆☆☆☆